وَجَعَلْنَا فِي قُلُوبِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ رَأْفَةً وَرَحْمَةً

اور رکھی اس کے ساتھ چلنے والوں کے دل میں نرمی اور مہر (رحم دلی)۔

وَرَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ

اور ایک دنیا چھوڑنا (رہبانیت) انہوں نے نیا نکالا (ایجاد کیا) ہم نے ان پر نہ لکھا (فرض کیا) تھا

إِلَّا ابْتِغَاءَ رِضْوَانِ اللَّهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۖ

مگر چاہنے کو رضامندی اللہ کی (انہوں نے ایسا کر لیا)، پھر نہ نباہا اس کو جیسا چاہیئے نباہنا،

فَآتَيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا مِنْهُمْ أَجْرَهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِنْهُمْ فَاسِقُونَ

پھر دیا ہم نے ان کو جو ان میں ایماندار تھے، ان کا نیگ (اجر) اور بہت ان میں بے حکم ہیں۔

.28 يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَآمِنُوا بِرَسُولِهِ

اے ایمان والو! ڈرتے رہو اللہ سے اور یقین لاؤ اس کے رسول پر،

يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَحْمَتِهِ وَيَجْعَلْ لَكُمْ نُورًا تَمْشُونَ بِهِ وَيَغْفِرْ لَكُمْ

دیوے تم کو دو بوجھ (حصے) اپنی مہر (رحمت) سے،

اور رکھ دے تم میں روشنی، جس کو لئے پھرو اور تم کو معاف کرے۔

وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ

اور اللہ معاف کرنے والا ہے مہربان۔

.29 لِئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَلَّا يَقْدِرُونَ عَلَىٰ شَيْءٍ مِنْ فَضْلِ اللَّهِ ۙ

تا نہ (کہ) جانیں کتاب والے کہ پا نہیں سکتے کچھ اللہ کا فضل،

